# وزیراعظم کا امریکی کانگریس کے مشترکہ اجلاس سے خطاب

23جون 2023

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے 22 جون 2023 کو امریکی ایوان نمائندگان کے اسپیکر عزت مآب مسٹر کیون میکارتھی، سینیٹ کے اکثریتی رہنما مسٹر چارلس شمر؛ سینیٹ کے ریپبلکن لیڈر مسٹر مچ میک کونل؛ اور ہاؤس ڈیموکریٹک لیڈر مسٹر حکیم جیفریز کی دعوت پر امریکی کانگریس کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کیا۔

2۔ اس موقع پر امریکہ کی نائب صدر عزت مآب محترمہ کملا ہیرس بھی موجود تھیں۔

3۔ کیپیٹل ہل پہنچنے پر، کانگریسی لیڈروں نے وزیر اعظم کا رسمی استقبال کیا۔ اس کے بعد وزیر اعظم نے ایوان کے اسپیکر کیون میکارتھی اور کانگریسی لیڈروں سے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔

4۔ اپنے خطاب میں، وزیر اعظم نے ہند-امریکی تعلقات کی گہرائی کے لیے امریکی کانگریس میں دیرینہ اور مضبوط دو طرفہ حمایت کی تعریف کی۔

5۔ وزیر اعظم نے ہندوستان-امریکہ دو طرفہ تعلقات میں تیز رفتار ترقی کے بارے میں بات کی اور دوطرفہ تعلقات کو بلند کرنے کے لئے اپنے نقطہ نظر کا اشتراک کیا۔ انہوں نے ہندوستان کی طرف سے کی گئی زبردست پیش رفت اور دنیا کے لیے پیش کیے جانے والے مواقع کا بھی خاکہ پیش کیا۔

6۔ اسپیکر میکارتھی نے وزیر اعظم کے اعزاز میں ایک استقبالیہ کا اہتمام کیا۔

7۔ امریکی کانگریس کے مشترکہ اجلاس سے وزیر اعظم کا یہ دوسرا خطاب تھا۔ اس سے قبل انہوں نے ستمبر 2016 میں امریکہ کے سرکاری دورے کے دوران امریکی کانگریس سے خطاب کیا تھا۔

**واشنگٹن ڈی سی**
**جون 2023 22**